© rasailojaraid.com

اعلان

حضرت مفتی عتیق الرحمٰن صاحب عثمانیؒ کے سلسلے میں جو خاص نمبر شائع ہونے جارہا ہے اس میں غیر ضروری تاخیر ہوگئی ہے۔ اس کی اصل وجہ مضامین کا وصول نہ ہونا ہے۔ میری یہ برابر کوشش ہے کہ یہ شاندار و معیاری نمبر حضرت مفتی صاحبؒ کے شایانِ شان بہت جلد شائع ہو۔ اور حضرت مفتی صاحبؒ کے نام سے ایک اکیڈمی قائم کی جائے اور ان کی میموریل سوسائٹی یقیناً بننی چاہیئے۔ اور مفتی عتیق الرحمٰنؒ روڈ جامع مسجد کے علاقے میں اُن کے نام سے ہو تو اچھا ہے۔ اس لیے دہلی اور باہر کے حضرات حضرت مفتی صاحبؒ کے معتقدین اور محسنین سے اپیل کرتا ہوں کہ اس معاملے میں پوری دلچسپی لیں۔ میں آپ کا ممنون ہوں گا۔ شکریہ۔

نوٹ: حضرت مفتی عتیق الرحمٰن صاحبؒ کے جتنے بھی خطوط آپ کے پاس ہوں ان کے ذخیرے کو جمع کر کے اِس نکلنے والے شاندار نمبر میں شامل کریں۔ تاکہ اس کی اہمیت میں مزید اضافہ ہو۔ اور حضرت مفتی عتیق الرحمٰن صاحبؒ کے شاندار نمبر کے سلسلے میں اپنی اکیڈمیوں اور دینی مدارس اور کتب خانوں، ادویات کے پیشگی اشتہارات دے کر اس کی مدد فرمائیں۔ مثلاً بمبئی، کلکتہ حیدرآباد، لکھنؤ۔ (قیمت پورا صفحہ ۵۰۰ روپے اور آدھا صفحہ ۲۵۰/- روپے اور کوارٹر ۱۲۵/- روپے) اس سلسلے میں آپ کا یہ بہترین تعاون ہوگا۔ عبدالرحمٰن عثمانی، منیجر رسالہ برہان۔ دہلی

(بقیہ صفحہ ۶۱) ہم امریکہ کے اس بیرحمانہ اور خطرناک اقدام پر شدید غم و غصہ کا اظہار کرتے ہوئے توقع رکھتے ہیں کہ مسلمان ممالک متحد ہو کر اپنے دشمنوں کا مقابلہ کرنے کے لیے جرأت مندانہ اقدام کریں گے۔

اظہر صدیقی۔ انڈو عرب پریس فیچرس، انٹرنیشنل۔

© rasailojaraid.com